Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ جمادی الثانی ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۸ دسمبر ۱۹۲۵ء	نمبر ۵۲

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۵ دسمبر ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری
اضافہ تنخواہ مرزا حبیب حسن بیگ سب اڈیٹر آوٹ مشاہرہ
بعلت بوجہ حسن انجام دہی خدمات متعلقہ اور اچھے ثابت ہونے
خدمات سوئی اسیے وقت معائنہ کام اہلکاران سررشتہ اڈیٹ

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	صفحہ
۱	اضافہ مرزا حبیب حسن بیگ	۱و۲
۲	رخصت منصرم فیلخانہ	۲
۳	رخصت منصرم باورچیخانہ	〃
۴	مستقلی سب انسپکٹر پولیس	〃
۵	اضافہ اہلمد نزول	〃
۶	ایضاً مرزا لطیف حسن بیگ	〃
۷	بابت ترتیب رجسٹر ہائے سررشتہ تعلیم	۲و۳و۴

حکم

مرزا حبیب حسن بیگ سب اڈیٹر کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت ۱۰ یوم منصرم فیلخانہ من ابتدائے ۲۴ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء لغایت ۲ مر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء بضرورت تاریخ بکارگذاری عبد العلیخان نائب منصرم ۔

حکم

بموجب رپورٹ منصرم فیلخانہ کی رخصت دس ۱۰ یوم ۲۴ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء لغایت ۲ مر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ ۱۵ یوم احمد حسن خان منصرم باورچیخانہ سامنے مشاہرہ دار عـــہ بوجہ علالت ۔

حکم

بموجب رپورٹ پندرہ ۱۵ دن کی مزید رخصت منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۰ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ عطائے منظوری نسبت مستقلی شرف الدین خان سب انسپکٹر از ختم میعاد بوجہ اچھا کرنے کام متعلقہ ۔

حکم

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس شرف الدین خان سب انسپکٹر مستقل کیا جائے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر معہ حاکم صاحب صدر دربارہ چار روپیہ اضافہ تنخواہ جوالا پرشاد اہلمد نزول صدر مشاہرہ دار سولہ روپیہ بوجہ ملازمت دیرینہ و انجام دہی کار متعلقہ بحسن لیاقت ۔

حکم

جوالا پرشاد اہلمد نزول صدر مشاہرہ دار سولہ روپیہ عـــہ ملازم دیرینہ کے لئے چار روپیہ اضافہ کی سفارش کی گئی ہے ۔ حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر کی رپورٹیں متصل ہیں ۔ لہذا مبلغ دو روپیہ اضافہ تنخواہ منظور کر کے برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ نوٹ حاکم صاحب صدر دربارہ دو روپیہ اضافہ مرزا لطیف حسن بیگ اہلمد صدر مدگار خانہ جات بوجہ حسن انجام دہی خدمات و عدم اضافہ از عرصہ کثیر معہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر ۔

حکم

حسب سفارش حاکم صاحب صدر دو روپیہ اضافہ تنخواہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

صیغہ جات سررشتہ تعلیم میں بجٹ نزدات کے حسابات رکھنے کا طریقہ صحیح نہیں ہے ۔ ترتیب بجٹ کے وقت صحیح مصارف کا دریافت

اور تخمینہ سہ ماہی بنانا نہایت دشوار ہوتا ہے۔ لہذا نمونہ جات منسلکہ تجویز کئے جاتے ہین

ہائی اسکول۔ مدرسہ عالیہ اور سررشتہ انسپکٹری مین حسب نمونہ جات منسلکہ رجسٹر مرتب کرکے اسوقت تک کے اندراجات ایک ہفتہ مین مکمل کرکے برائے ملاحظہ پیش کئے جائین اور آیندہ ہر وقت یہ رجسٹر مکمل رکھے جائین اگر کوئی امر دریافت طلب ہو تو اجلاس مین اہلکار متعلق حاضر ہوکر دریافت کر سکتے ہین۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ہدایات نسبت نقشہ جات منسلکہ

(۱) **فارم نمبر (۱)** مین الفاظ "کل بجٹ منظور شدہ" کے آگے رقم بجٹ منظور شدہ تحریر کی جائے۔
اس فارم مین کل مصارف مسلسل لکھے جائینگے۔
مدوار مصارف نہین لکھے جائینگے۔

(۲) **فارم نمبر (۲)** لفظ "مد" کے آگے مد کا نام تحریر کیا جائے۔
مثلاً مد تنخواہ مد وظائف
الفاظ "بجٹ منظور شدہ" کے آگے وہ رقم تحریر کیجائے جو بجٹ مین اس مد کے لئے منظور ہوئی ہو۔
جس مد کا نام پیشانی پر لکھا جائے اُسکا کل صرف اُسکے تحتی خانون مین مسلسل لکھا جائے۔ دوسری مد کی کوئی رقم نہ لکھی جائے۔
ہر ہر مد کا صرف لکھنے کے لئے اُسقدر صفحے یا ورق چھوڑے جائین جنمین ایک سال کے کل مصارف کا اندراج ہو جائے۔ اسکے بعد دوسری مد کا حساب شروع کیا جائے۔

(۳) **فارم نمبر (۳)** رقوم زرذات کا کل حساب درج کیا جائے یعنی جو رقم زرذات مین وصول کیجائے فوراً آمدنی کے خانون مین لکھی جائے۔ اور جو رقم بذریعہ جمع خرچ زرذات مین بیباق کیجائے یا نقد خزانہ مین داخل کیجائے اُسکا اندراج بیباقی زرذات کے خانون مین کیا جائے۔

(۴) **فارم نمبر (۴)** کسی حساب کے متعلق جب کوئی جمع خرچ مرتب کرکے برائے کارروائی مجرائی بھیجا جائے تو اس رجسٹر مین اُسکا اندراج کیا جائے لیکن جو جمع خرچ آڈٹ سے یا اجلاس سے کسی تکمیل وغیرہ کے لئے واپس ہوکر پہنچے اُسکی آمد و روانگی اس رجسٹر مین درج نہین ہوگی

فارم نمبر (۱)

گوشوارہ کل مصارف کل بجٹ منظور شدہ

[illegible]	مد	تعداد رقم بجٹ	افزون	[illegible]	مد	تعداد رقم صرف شدہ	افزون

فارم نمبر (۲)

مد بجٹ منظور شدہ

[illegible]	تعداد رقم صرف شدہ	افزون	[illegible]	تعداد رقم صرف شدہ	افزون

فارم نمبر [illegible]

حساب زرزدوات

آمدنی				بیباقی زرزدوات			
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

فارم نمبر [illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا